Maulana Azad National Urdu University

M.A. : Urdu, II Semester Examination, July 2023

Paper - MAUR203DST : Iqbal

پرچہ : اقبال

Time : 3 hrs

Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال:1

i. اقبال کے کہنے پر شمس العلماء کے خطاب سے کس کو نوازا گیا؟

ii. ''اقبال شاعر و مفکر'' کس کی کتاب ہے؟

iii. اقبال نے اپنا تحقیقی مقالہ کس موضوع پر مکمل کیا؟

iv. بال جبریل کس سن میں شائع ہوا؟

v. پہلی بار اسرار خودی کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟

vi. اقبال نے اپنی شاعری میں ابلیس کو کس لقب سے یاد کیا ہے؟

vii. اقبال کی معاشیات پر لکھی گئی کتاب کا نام بتایئے؟

viii. سفر اسپین کے دوران لکھی گئی اقبال کی مشہور نظم کون سی ہے؟

ix. مغرب میں فوق البشر کا نظریہ کس نے پیش کیا ہے؟

x. مشرقی حکماء میں اقبال سب سے زیادہ کس سے متاثر تھے؟

حصہ دوم

-2 اقبال کی شخصیت کے ارتقاء میں سفر یورپ کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

-3 اقبال کے نظریہ حرکت و عمل کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

-4 اقبال نے خودی کے استحکام کے لئے عشق کو کیوں لازمی قرار دیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

5- اقبال اپنے مثالی مرد مومن میں شاہین کی کون سی خوبیاں دیکھنا چاہتے تھے۔

6- ''بانگ درا'' میں شامل غزلوں کے موضوعات پر روشنی ڈالیے۔

7- اقبال کی نظموں میں منظر نگاری کی اہمیت اجاگر کیجیے۔

8- اقبال کے تصور فقر و استغناء پر مدلل نوٹ لکھیے۔

9- خطوط اقبال کی روشنی میں شاعری سے متعلق ان کے مطمح نظر کو واضح کیجیے۔

حصہ سوم

10- اقبال کی نظم ''مسجد قرطبہ'' کو فکر و فن کا حسین امتزاج کیوں کہا جاتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

11- خطبات اقبال کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

12- اقبال کے مرد مومن میں جلال و جمال کے امتزاج کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

13- نظم ''خضر راہ'' کا تجزیہ پیش کیجیے۔

14- مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کرتے ہوئے شاعرانہ وسائل کی نشاندہی کیجیے۔

ساحل دریا پہ میں اک رات تھا محو نظر — گوشۂ دل میں چھپائے اک جہان اضطراب
شب سکوت افزا، ہوا آسودہ، دریا نرم سیر — تھی نظر حیراں کہ یہ دریا ہے یا تصویر آب
جیسے گہوارے میں سو جاتا ہے طفل شیر خوار — موج مضطر تھی کہیں گہرائیوں میں مست خواب
رات کے افسوں سے طائر آشیانوں میں اسیر — انجم کم ضو گرفتار طلسم ماہتاب
دیکھتا کیا ہوں کہ وہ پیک جہاں پیما خضر — جس کی پیری میں ہے مانند سحر رنگ شباب

یا

عشق سے پیدا نوائے زندگی میں زیر و بم — عشق سے مٹی کی تصویروں میں سوز دم بدم
آدمی کے ریشے ریشے میں سما جاتا ہے عشق — شاخ گل میں جس طرح باد سحر گاہی کا نم
خرد کے پاس خبر کے سوا کچھ اور نہیں — ترا علاج نظر کے سوا کچھ اور نہیں
گراں بہا ہے تو حفظ خودی سے ہے ورنہ — گہر میں آب گہر کے سوا کچھ اور نہیں
رگوں میں گردش خوں ہے اگر تو کیا حاصل؟ — حیات، سوز جگر کے سوا کچھ اور نہیں

☆☆☆